© rasailojaraid.com



## تعارف و تبصرہ

# آثار السنن (اردو ترجمہ)

گذشتہ صدی کے نامور محدث حضرت علامہ محمد بن علی النیمویؒ المتوفی ۱۳۲۲ھ نے آثار السنن کے نام سے احادیث و آثار کے اس ذخیرہ کو مرتب کرنا شروع کیا تھا جو فقہ حنفی کی فروع و جزئیات کی بنیاد ہیں۔ یہ ایک وقیع علمی خدمت تھی جس سے بعض حضرات کے پھیلائے ہوئے ان شکوک و شبہات کا ازالہ بھی مقصود تھا کہ فقہ حنفی کا مدار حدیث کی بجائے اس کے مقابلہ میں محض قیاس پر ہے۔ علامہ نیمویؒ اس مجموعۂ احادیث کے ذریعہ اپنے مقصد میں کافی حد تک کامیاب رہے اور علمی حلقوں سے خراجِ تحسین وصول کیا لیکن زندگی کی بے وفائی نے کتاب الطہارت اور کتاب الصلوٰۃ سے آگے جانے کا موقع نہ دیا۔ تاہم کتاب الطہارت اور کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل یہ علمی ذخیرہ اہلِ علم کے لیے نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوا۔ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے استاذ محترم مولانا محمد اشرف صاحب نے اس کا اردو ترجمہ کیا ہے اور اصل کتاب کو ترجمہ کے ساتھ خوبصورت انداز سے شائع کیا ہے۔ معیاری کتابت و طباعت اور مضبوط جلد کے ساتھ پونے سات سو صفحات پر مشتمل یہ ذخیرۂ احادیث ایک سو پچاس روپے میں مکتبہ حسینیہ قذافی روڈ، گرجاکھ گوجرانوالہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات و نزول کا عقیدہ

دورِ حاضر کے نامور محقق مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات و نزول کے بارے میں اہلِ اسلام کے اجماعی عقیدہ کو دلائل کے ساتھ اس کتاب میں واضح کیا ہے اور تیرہ سو سال کے اجماع پر علماء کے ارشادات نقل کیے ہیں۔ اڑھائی سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب معیاری کتابت و طباعت کے ساتھ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان نے شائع کی ہے اور اس پر قیمت درج نہیں ہے۔

★

© rasailojaraid:com